Maulana Azad National Urdu University

M.A. Legal Studies, I Semester Examination, March 2023

Paper : MALS101CCT : Law and Society

پرچہ : قانون اور سماج

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) قانون کی خصوصیات سے متعلق، غلط کی شان دہی کریں؟

(a) قانون سماج میں لوگوں کے لیے طرز عمل کے طور پر کام کرتے ہیں۔

(b) قانون ہمیشہ پابندیوں کے ساتھ ہوتے ہیں۔

(c) قانون معاشرتی روایت (Mores) اور قدروں (Values) کو بنائے رکھنے میں مدد کرتے ہیں

(d) قانون پختہ ہوتے ہیں ان میں کبھی بدلاو نہیں ہوتا

(ii) کمیونسٹ پارٹی کا منشور (Manifesto of the Communist Party) نام کی کتا کس ے لکھی ہے؟

(a) درکھائم (b) کومت (c) مارکس اور اینگلز (d) خلدون

(iii) دیوینس پر ڈیفرینشیل اسوسیایشن تھیوری (Differential-association theory) کس نے دی ہے؟

(a) اروین سدرلینڈ (b) کومت (c) ویبر (d) ان میں سے کوئی نہیں

(iv) مندرجہ ذیل میں سے کون ارتقائی نظریے سے متعلق ہے؟

(a) دورکھایم (b) اسپنسر (c) خلدون (d) یہ سبھی

(v) ذیل میں سے کون Self-fulfilling Prophecy سے متعلق ہے؟

(a) لیبلنگ تھیوری (b) بیالوجیکل تھیوری (c) انامی تھیوری (d) یہ سبھی

(vi) مندرجہ ذیل میں سے کون Law as Force سے منسلک ہے؟

(a) درکھائم (b) مارکس (c) بوردیو (d) فوکو

(vii) Descipline and Punish (1975) نام کی کتاب........................نے لکھی۔

(viii) کس کو سماجیات کا باوا آدم کہا جاتا ہے؟

(a) مرٹن (b) کومٹ (c) ویبر (d) مارکس

(ix) ہندوستان میں چھوت چھات آئین کے کس آرٹیکل سے منع کیا گیا؟

(a) 15 (b) 16 (c) 17 (d) 44

(x) مساوی انصاف اور مفت قانونی امداد (Equal Justice and Free Legal Aid) کا اختیار ہندوستانی آئن کے کس آرٹکل میں موجود ہیں۔

(a) 15 (b) 21 A (c) 39 A (d) 40

حصہ دوم

(2) ڈیوینس کی بیالوجکل تھیوری (Biological Theories of Deviance) پر ایک نوٹ لکھیں۔

(3) ہندستان میں قانون کس طرح جنسی انصاف کو یقینی بناتا ہے؟ مثالیں دے کر وضاحت کریں۔

(4) سماجیات اور قانون کے تعلقات پر ایک مختصر نوٹ لکھیں۔

(5) قانون سماجی تبدیلی کا ایک کمزور ذریعہ ہے' جایزہ لیں۔

(6) لیگل پلورالزم (Legal pluralism) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مختصر نوٹ لکھیں۔

(7) ''قانون ایک طاقت۔'' پر ایک تنقیدی بحث کریں۔

(8) سماجیات میں اسٹرکچرل فنکشنل تھیوری (structural-functional theory) پر ایک نوٹ لکھیں۔

(9) قانونی نظام کو بنانے اور چلانے والی مختلف ایجنسیوں پر ایک مختصر نوٹ لکھیں۔

حصہ سوم

(10) سماج میں قانون کی اہمیت پر ایک مضمون لکھیں۔ موجودہ ہندوستانی حالات کا جائزہ لیتے ہوئے اپنے خیالات بیان کریں۔

(11) کارل مارکس کے سماجی تبدیلی کے فلسفہ پر ایک مضمون لکھیں۔ مارکس کے نظریات کی اہمیت و مناسبت پر بھی روشنی ڈالیں۔

(12) قانونی تبدیلی میں سماج ایک اہم کردار ادا کرتا ہے؟ LGBTQ موومنٹ کے حوالے سے وضاحت کریں۔

(13) قانون کس طرح سے سماجی تبدیلی اور سماجی اصلاح میں معاون ہے؟ ہندوستانی سماج کے تناظر میں مختلف مثالیں دے کر سمجھائیں۔

(14) قانون کس طرح سے سماجی کنٹرول میں رول ادا کرتا ہے؟ اپنے خیالات پیش کریں۔

☆☆☆